SI Code: 203

# SECONDARY SCHOOL EXAMINATION – 2018 (ANNUAL)

## URA - URDU (MT)

## मातृभाषा–उर्दू

Total Questions: 54

Total Printed Pages: 07

Time: 03 Hrs. 15 Minutes]

[Full Marks: 100

***Instructions for the candidate:***

1. *Candidates are required to give their answers in their own words as far as practicable.*
2. *Figures in the left hand margin indicate full marks.*
3. *All questions are compulsory.*
4. *15 Minutes of extra time has been allotted for the candidates to read the questions.*
5. *This question paper is divided into two sections – Section - A and Section - B.*
6. *In Section – A, there are 50 objective type questions which are compulsory, each carrying 1 mark. Darken the circle with blue/black ball pen against the correct option on OMR Sheet provided to you. Do not use Whitener/Liquid/Blade/Nail on OMR Paper, otherwise the result will be invalid.*
7. *In Section - B, there are short answer and Long Answer Type questions.*

1. طالب علم جہاں تک ہو سکے اپنے لفظوں میں ہی جواب دے۔
2. سبھی سوال لازمی ہیں۔
3. جواب دیتے وقت طالب علم لفظوں کا خاص خیال رکھے۔
4. اس سوال نامہ کو پڑھنے کے لئے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔
5. یہ سوال نامہ دو حصوں پر مشتمل ہے۔ حصہ (الف) اور حصہ (ب)۔
6. حصہ (الف) میں 50 (Objective Question) ہیں۔ سبھی سوال لازمی ہیں۔ (ہر سوال پر 1 نمبر مقرر ہے۔) انکا جواب دیئے گئے (OMR) شیٹ میں دیے گئے صحیح جواب کو کالے / نیلے بال پین سے بھریں۔ کسی بھی طریقے کے وائٹنر / بلیڈ / ناخون وغیرہ کا جواب میں استعمال کرنا منع ہے ورنہ اس سے رزلٹ مانا نہیں جائیگا۔

[203]



( Turn over

by: BSEBResult.In

# SECTION - A

درج ذیل معروضی سوالات کے درست جواب منتخب کریں۔

[50x1=50]

سوال نمبر 1: "حمد" کے لغوی معنی کیا ہیں؟

(A) خدا کی تعریف (B) رسول کی تعریف (C) ولی کی تعریف (D) نبی کی تعریف

سوال نمبر 2: ترقی پسند تحریک کا آغاز کب ہوا؟

(A) 1926ء (B) 1936ء (C) 1946ء (D) 1956ء

سوال نمبر 3: "فراز" کس کا افسانہ ہے؟

(A) نگار عظیم (B) سید محمد محسن (C) قمر جہاں (D) شکیلہ اختر

سوال نمبر 4: قمر جہاں کا کون سا افسانہ شامل نصاب ہے؟

(A) چارہ گر (B) کٹی ہوئی شاخ (C) اجنبی چہرے (D) یادگر

سوال نمبر 5: سراج اور فرقانہ کس افسانہ کے کردار ہیں؟

(A) آشیانہ (B) فراز (C) بھائی جان (D) کٹی ہوئی شاخ

سوال نمبر 6: گلوبل وارمنگ کیا مسئلہ ہے؟

(A) مناسب (B) خوشگوار (C) سنگین (D) معتدل

سوال نمبر 7: سر سید کی پیدائش کب ہوئی تھی؟

(A) 1816ء (B) 1817ء (C) 1818ء (D) 1820ء

سوال نمبر 8: ڈاکٹر عبدالمغنی کس زبان کے استاد تھے؟

(A) ہندی (B) انگریزی (C) فارسی (D) عربی

سوال نمبر 9: ڈاکٹر امبیڈکر کب پیدا ہوئے تھے؟

(A) 1889ء (B) 1891ء (C) 1893ء (D) 1895ء

سوال نمبر 10: "بوسۂ تم" کس کا مثنوی مجموعہ ہے؟

(A) لطف الرحمن (B) جمیل عظیم آبادی (C) شوق نیموی (D) حسن نعیم

سوال نمبر 11: "سلور کنگ" کس کا ڈرامہ ہے؟

(A) امتیاز علی تاج (B) آغا حشر کشمیری (C) محمد مجیب (D) حبیب تنویر



by: BSEBResult.In

سوال نمبر12: آریہ بھٹ نے اپنا تجربہ گاہ کہاں قائم کیا تھا؟

(A) جہاں آباد (B) ترہگنا (C) پٹنہ (D) گیا

سوال نمبر13: ڈپٹی نذیر احمد نے کس صنف کا آغاز کیا؟

(A) ناول (B) داستان (C) ڈرامہ (D) افسانہ

سوال نمبر14: اُردو کا پہلا ناول کسے قرار دیا جاتا ہے؟

(A) ابن الوقت (B) مرأۃ العروس (C) گئودان (D) فسانہ آزاد

سوال نمبر15: مرزا غالب پہلے کیا تخلص کرتے تھے؟

(A) نوشہ (B) اسد (C) خان (D) مصاحب

سوال نمبر16: عبدالغفور شہباز کا تعلق کس صوبے سے تھا؟

(A) دکن (B) بہار (C) یوپی (D) بنگال

سوال نمبر17: مہدی افادی کا اصل نام کیا تھا؟

(A) علی حسن (B) مہدی حسن (C) محسن امام (D) حسن علی

سوال نمبر18: بیدی کو "اُردو افسانے کا خدا" کس نے قرار دیا تھا؟

(A) خواجہ احمد عباس (B) غلام السیدین (C) سعادت حسین منٹو (D) کرشن چندر

سوال نمبر19: چکبست کا پورا نام کیا تھا؟

(A) پنڈت برج نرائن (B) پنڈت برج لال (C) پنڈت کشور (D) کوئی نہیں

سوال نمبر20: "انڈیا گیٹ" کس شاعر کی نظم ہے؟

(A) چکبست (B) جگن ناتھ آزاد (C) پرویز شاہدی (D) ندا فاضلی

سوال نمبر21: پرویز شاہدی کا پورا نام کیا ہے؟

(A) سید اکرم حسین (B) سید احمد حسین (C) سید حامد حسین (D) سید مکرم حسین

سوال نمبر22: "ہم تو جوان ہیں" کس کی نظم ہے؟

(A) ندا فاضلی (B) پرویز شاہدی (C) چکبست (D) سید محمد جعفری

سوال نمبر23: درج ذیل شعرا میں مزاح کے شاعر کون ہیں؟

(A) رضا عظیم آبادی (B) مبارک عظیم آبادی (C) اکبر الہ آبادی (D) زبیر رضوی



by: BSEBResult.In

سوال نمبر 24: سراپا، رجز اور جنگ کس صنف کے اجزا ہیں؟

(A) قصیدہ (B) مرثیہ (C) مثنوی (D) واسوخت

سوال نمبر 25: مرزا غالب کا پورا نام کیا تھا؟

(A) عبداللہ خاں (B) اسداللہ خاں (C) نوراللہ خاں (D) حمداللہ خاں

سوال نمبر 26: مرزا غالب کس سنہ میں پیدا ہوئے تھے؟

(A) 1795ء (B) 1797ء (C) 1799ء (D) 1798ء

سوال نمبر 27: درج ذیل میں کون مثنوی نگار نہیں ہے؟

(A) شوق لکھنوی (B) شوق نیموی (C) چکبست لکھنوی (D) میر حسن

سوال نمبر 28: "زہر عشق" کس کی لکھی ہوئی مثنوی ہے؟

(A) [illegible] (B) [illegible] (C) شوق نیموی (D) مرزا شوق لکھنوی

سوال نمبر 29: دیا شنکر نسیم کس کے شاگرد تھے؟

(A) میر حسن کے (B) آتش لکھنوی کے (C) مرزا دبیر کے (D) میر تقی میر کے

سوال نمبر 30: بکاؤلی کس مثنوی کا کردار ہے؟

(A) سحر البیان (B) گلزار نسیم (C) سوز و گداز (D) قطب مشتری

سوال نمبر 31: مصحفی کا پورا نام کیا ہے؟

(A) غلام ربانی مصحفی (B) غلام محمدانی مصحفی (C) غلام ہمدانی مصحفی (D) غلام جیلانی مصحفی

سوال نمبر 32: "جلوۂ داغ" کس کے منتخب کلام کا مجموعہ ہے؟

(A) مبارک عظیم آبادی (B) شوق نیموی (C) رمز عظیم آبادی (D) شاد عظیم آبادی

سوال نمبر 33: "تیرے ہوتے ہوئے محفل میں ---- ہیں چراغ ----" مصرعہ مکمل کیجئے۔

(A) دکھاتے (B) بجھاتے (C) جلاتے (D) بجھاتے

سوال نمبر 34: "سنگ" کے معنی ہیں؟

(A) روشنی (B) شیشہ (C) پتھر (D) پانی



by: BSEBResult.In

سوال نمبر35: محسن نعیم کہاں پیدا ہوئے تھے؟

(A) دلی (B) پٹنہ (C) کلکتہ (D) علی گڑھ

سوال نمبر36: "قلب و جاں میں حسن کی ۔۔۔۔ رہ جائیں گی۔" مصرعہ مکمل کیجئے۔

(A) بے وفائیاں (B) پرچھائیاں (C) گہرائیاں (D) رسوائیاں

سوال نمبر37: پروین شاکر کہاں پیدا ہوئی تھیں؟

(A) ہندوستان (B) پاکستان (C) بنگلہ دیش (D) نیپال

سوال نمبر38: "بارش ہوئی تو پھولوں کے تن چاک ہو گئے۔" کس کی غزل کا مصرعہ ہے؟

(A) پروین شاکر (B) عرفان صدیقی (C) ندا فاضلی (D) ظفر گورکھپوری

سوال نمبر39: عرفان صدیقی بنیادی طور پر کس صنف کے شاعر ہیں؟

(A) نظم (B) غزل (C) مثنوی (D) ظریفانہ شاعری

سوال نمبر40: دوہا میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

(A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار

سوال نمبر41: تاج محل کس مغل بادشاہ نے تعمیر کروائی تھی؟

(A) ہمایوں (B) اکبر (C) جہانگیر (D) شاہ جہاں

سوال نمبر42: "رباعی" کی جمع کیا ہوگی؟

(A) مربع (B) رباعیات (C) اربع (D) رباعیوں

سوال نمبر43: درج ذیل میں کون سا لفظ مذکر ہے؟

(A) رحمت (B) صحت (C) جہنم (D) جنت

سوال نمبر44: درج ذیل میں کون سا لفظ مؤنث ہے؟

(A) شہرت (B) شیر (C) جنگل (D) باغ

سوال نمبر45: "نو دو گیارہ ہونا" کا مطلب ہوتا ہے؟

(A) مطلب نکالنا (B) فائدہ پہنچانا (C) بھاگ جانا (D) واپس آنا

سوال نمبر46: درج ذیل میں اسم آلہ کون ہے؟

(A) باغ (B) کف گیر (C) قبرستان (D) رمضان



by: BSEBResult.In

سوال نمبر 47: درج ذیل میں اسم مصغر کون ہے؟

(A) باغیچہ (B) باغ (C) بازار (D) ریگستان

سوال نمبر 48: ''شبیر حسن خاں جوش'' جوش کیا ہے؟

(A) لقب (B) خطاب (C) تخلص (D) کنیت

سوال نمبر 49: ''زاہد کل پٹنہ جائے گا'' یہ زمانہ کی کون سی قسم ہے؟

(A) ماضی (B) حال (C) مستقبل (D) ماضی تمنائی

سوال نمبر 50: ''اچھا لڑکا'' میں کون سی نسبت ہے؟

(A) مضاف مضاف الیہ (B) مبتدا خبر (C) صفت موصوف (D) ان میں سے کوئی نہیں

## SECTION - B

[10] سوال نمبر 1: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون (۲۵۰ سے ۳۰۰ لفظوں میں) لکھئے۔

(الف) کتب خانہ (ب) میرا اسکول

(ج) عید کی خوشیاں (د) قومی یک جہتی (ہ) صفائی کی اہمیت

by: BSEBResult.In

[5] سوال نمبر 2: اپنی والدہ کو خط لکھ کر انہیں صحت کا خیال رکھنے کو کہیے؟

''یا''

اپنے دوست کو خط لکھ کر اُسے راج گیر گھومنے کی دعوت دیجئے۔

[2x10=20] سوال نمبر 3: درج ذیل سوالوں میں سے صرف دس 10 کے مختصر جواب دیجئے۔

(i) حمد اور نعت میں فرق بتائیے؟

(ii) رقیہ بھابھی کے شوہر کو بار بار کیوں جیل جانا پڑتا تھا؟

(iii) صنف افسانہ کی دو ۲ خصوصیات بتائیے؟

(iv) اُردو کے دو ۲ مشہور افسانہ نگاروں کے نام لکھئے؟

(v) گلوبل وارمنگ کم کرنے کے دو ۲ اُپائے بتائیے؟

(vi) ''ریاکاری'' کا مطلب سرسید نے کیا بتایا ہے؟

(vii) ڈاکٹر عبدالمغنی کا کون سا مضمون آپ کے نصاب میں شامل ہے؟

(viii) بھیم راؤ امبیڈکر کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟



by: BSEBResult.In

(ix) آغا حشر کشمیری کے دو۲ ڈراموں کے نام لکھیے؟

(x) توبۃ النصوح کے دو۲ کرداروں کے نام بتائیے؟

(xi) "بارش کی ایک صبح" کس کی نظم ہے؟ اور کس زبان میں لکھی گئی ہے؟

(xii) "میں نے مراسلہ کو مکالمہ بنا دیا ہے" یہ قول کس کا ہے؟

(xiii) مکتوب کی تعریف کیجیے؟

(xiv) ندا فاضلی کے دو شعری مجموعوں کے نام لکھیے۔

(xv) پروین شاکر کا ایک شعر لکھیے۔

سوال نمبر 4: درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔ [3x5=15]

(i) افسانہ "فرار" "یا" "خالی صندوق" کا خلاصہ لکھیے۔

"یا"

نظم "مجھلی کا سپنا" "یا" "ترانۂ باگیت" کا مرکزی خیال واضح کیجیے۔

(ii) سرسید احمد خاں "یا" "ڈپٹی نذیر احمد" کا تعارف پیش کیجیے۔

"یا"

افسانہ "بھائی جان" کے مرکزی کردار رقیہ بھابھی کی خوبیاں بتائیے۔

(iii) اپنی پسند کے دو۲ اشعار لکھ کر ان کا مطلب بتائیے۔

"یا"

درج ذیل میں سے پانچ الفاظ کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجیے کہ جنس ظاہر ہو جائے۔

گناہ۔ ثواب۔ نعت۔ عیب۔ سیاست۔ تعلیم۔ راستہ۔ وقت۔ شکست۔ موتی۔

बिहार बोर्ड से संबंधित सभी जानकारी, लेटेस्ट न्यूज़, प्रश्न पत्र, मॉडल पेपर, एडमिट कार्ड, रजिस्ट्रेशन कार्ड, परीक्षा तिथियां, आधिकारिक डायरेक्ट लिंक इत्यादि सबसे पहले पाने के लिए...

BSEBResult.In

विजिट करें।



by: BSEBResult.In